© rasailojaraid.com



# تبصرۂ کتب

## بقلم مدیر مسئول

## سہ ماہی المباحث الاسلامیہ جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان

نام کتاب: ازالۃ الضیق بسیرۃ اسیدنا ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ

مؤلف: حضرت مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی صاحب مدظلہ العالی

ناشر: ادارۃ الاشاعت الاسلام (یوکے)

ملنے کے پتہ: صدیقی ٹرسٹ المنظر اپارٹمنٹ ۴۵۸ گارڈن ایسٹ نزد لسبیلہ چوک کراچی

صفحات: ۲۱۵

قیمت: درج نہیں

اس میں کوئی دورائے نہیں ہوسکتی کہ سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ انبیاء کرام علیہ السلام کے بعد پوری انسانیت سے افضل ترین شخصیت کے حامل ہیں۔ چنانچہ خاتم النبین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح تمام انبیاء علیہم السلام ومرسلین کے سردار اور سرتاج ہیں حضرت ابوبکر صدیقؓ بھی حضرات انبیاء علیہم السلام کے بعد سب مؤمنوں سے افضل واعلیٰ ہیں آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کے عظیم پشتیبان اور سرمایہ عزت وناز ہیں۔

اس بات میں نہیں مجھے عائد کوئی کلام — میرے نبی کے بعد ہے صدیق کا مقام
جس نے خدا کی راہ میں سب کچھ لٹا دیا — مولائے کائنات کو تھا جس کا احترام

زیر نظر کتاب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ کی صدیقیت شخصیت اور علمیت اور ان کے صحابیت کی الٰہی شہادت پر تفصیلی علمی بحث جو کہ قرآن وسنت وفقہ کی روشنی میں کی گئی ہے یقیناً شائقین بلکہ سب کلمہ گو کے لئے ایک گران قدر تحفہ علمیہ ہے جو کہ ہر مسلمان کو اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہیے۔

......☆☆☆......

### قارئین کے لئے خوشخبری

جامعہ المرکز الاسلامی کی شاندار تحفۂ علمیہ ''کتاب اسلام اور تفریحات'' تحقیق وتخریج عظمت اللہ بنوی۔
عنقریب منظر عام پر آئے گی۔ شائقین علوم اپنے لئے کاپی محفوظ کرلیں۔

اس کتاب میں دنیا بھر کے کھیل کود اور تفریحات پر شرعی نقطۂ نظر بیان کیا گیا ہے۔ جس کے ساتھ ساتھ اسلامی سیر وتفریح پر بھی بحث کی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com